سوال

(231) منفرد شخص کا بغیر اذان کے نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی علاقے میں اہلِ حدیث مسجد نہ ہو اور ایک مثل ہونے پر کوئی شخص نماز عصر ادا کرنا چاہتا ہو۔ اس علاقے میں اس وقت عصر کی اذان کسی نے نہیں دی۔ کیا منفرد شخص ایسے وقت میں اذان کے بغیر نماز ادا کرے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی صورت میں اذان اور اقامت کا اہتمام کرنا چاہیے، کیونکہ عمومی دلیلوں کی بناء پر احتیاط کا تقاضا یہی ہے۔ اگرچہ اس کے وجوب اور عدمِ وجوب میں اہلِ علم کا اختلاف ہے۔ (مفتی شیخ ابن باز) فتاویٰ إسلامیہ: ۱/۲۵۴۔۲۵۵

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 213

محدث فتویٰ